

یادداشت

# 3

# درس سوم

# اسم

## سبق کا تعارف

پچھلے دو اسباق میں طلبا فارسی حروف اور فارسی کے کچھ الفاظ سے واقف ہو چکے ہیں۔ اس سبق میں فارسی کے چھوٹے چھوٹے جملوں کے ذریعے فارسی زبان کو روشناس کرانے کی کوشش کی گئی ہے۔ بیشتر الفاظ ایسے استعمال کیے گئے ہیں جو اردو زبان میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔ اس سبق کو پڑھ کر طلبا سبق کے الفاظ کے ذریعے بآسانی چھوٹے چھوٹے جملے بنا سکتے ہیں۔ اس میں طلبا کو اسم (اسم خاص اور اسم عام) سے متعارف کرایا گیا ہے نیز دنوں کے نام بھی بتائے گئے ہیں۔

## اس سبق سے آپ سیکھیں گے

- آپ فارسی کے چھوٹے چھوٹے جملوں سے متعارف ہوں گے۔
- فارسی جملوں کی (خاص طور پر جملہ اسمیہ کی) ساخت سے واقف ہوں گے۔
- اسم معرفہ اور اسم نکرہ سے واقف ہوں گے۔



یادداشت

- ہفتہ کے دنوں کے فارسی ناموں سے متعارف ہوں گے۔
- سبق میں دیے گئے جملوں کی مدد سے خود فارسی جملے بنا سکیں گے۔



## 3.1 اصل متن

1- آب سرد است.

2- آتش گرم است.

3- این زمین است.

4- آن آسمان است.

5- آسمان دور است.

6- این مسجد است.

7- مسجد بزرگ است.

8- آن قرآن است.

9- این مداد است.

10- مداد کوچک است.

11- محمود کجا است؟

12- محمود در مسجد است.

13- حامد کجا بود؟


14- حامد در اتاق بود.

15- رحیم اینجا است؟

16- رحیم اینجا نیست.

17- رحیم آنجا است.

18- حسن بیمار بود.



یادداشت

19- سیب شیرین است.

20- انگور ترش است.

21- این مرد است.

22- آن زن است.

23- مرد جوان است.

24- مرد پیر نیست.

25- زن هم پیر نیست.

26- این گل است، خار نیست.

27- این چیست؟

28- این کتاب است.

29- آن چیست؟

30- آن سگ است.

31- آن خر نیست.

32- قاسم کجا است؟

33- قاسم در کتابخانه هست.

34- دیروز جمعه بود.

35- امروز شنبه است.

36- پریروز پنجشنبه بود.

37- فردا یکشنبه است.

38- پس فردا دوشنبه است.

39- سه شنبه عید است.

40- سه شنبه تعطیل است.

41- چهارشنبه هم تعطیل است.



یادداشت

## 3.2 الفاظ کے معانی

| الفاظ | معانی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| آب | پانی | پیر | بوڑھا |
| سرد | ٹھنڈا | هم | بھی |
| است/هست | ہے | گل | پھول |
| آتش | آگ | خار | کانٹا |
| این | یہ | چیست؟ | کیا ہے |
| آن | وہ | سگ | کتّا |
| بزرگ | بڑا/ بڑی | خر | گدھا |
| مداد | پینسل | کتابخانه | لائبریری |
| کوچک | چھوٹا/چھوٹی | امروز | آج |
| کجا | کہاں | دیروز | کل (گذرا ہوا) |
| در | میں/اندر | فردا | کل (آنے والا) |
| در مسجد | مسجد میں | پس فردا | پرسوں (آنے والی) |
| بود | تھا | تعطیل | چھٹی |
| اتاق | کمرہ | شنبه | ہفتہ/سنیچر |
| اینجا | یہاں | یکشنبه | اتوار |
| نیست | نہیں ہے | دوشنبه | پیر/سوموار |
| آنجا | وہاں | سه شنبه | منگل |
| شیرین | میٹھا | چهارشنبه | بدھ |
| ترش | کھٹا | پنجشنبه | جمعرات |

| | | | |
|---|---|---|---|
| زن | عورت | جمعه | جمع |



یادداشت

## 3.3 اردو ترجمہ

1- پانی ٹھنڈا ہے۔
2- آگ گرم ہے۔
3- یہ زمین ہے۔
4- وہ آسمان ہے۔
5- آسمان دور ہے۔
6- یہ مسجد ہے۔
7- مسجد بڑی ہے۔
8- وہ قرآن ہے۔
9- یہ پینسل ہے۔
10- پینسل چھوٹی ہے۔
11- محمود کہاں ہے؟
12- محمود مسجد میں ہے۔
13- حامد کہاں تھا؟
14- حامد کمرے میں تھا۔
15- رحیم یہاں ہے؟
16- رحیم یہاں نہیں ہے۔
17- رحیم وہاں ہے۔
18- حسن بیمار تھا۔
19- سیب میٹھا ہے۔

یادداشت

20- انگور کھٹّا ہے۔

21- یہ مرد ہے۔

22- وہ عورت ہے۔

23- مرد جوان ہے۔

24- مرد بوڑھا نہیں ہے۔

25- عورت بھی بوڑھی نہیں ہے۔

26- یہ پھول ہے، کانٹا نہیں ہے۔

27- یہ کیا ہے؟

28- یہ کتاب ہے۔

29- وہ کیا ہے؟

30- وہ کتّا ہے۔

31- وہ گدھا نہیں ہے۔

32- قاسم کہاں ہے؟

33- قاسم لائبریری میں ہے۔

34- کل جمعہ تھا۔

35- آج ہفتہ ہے۔

36- پرسوں جمعرات تھی۔

37- کل اتوار ہے۔

38- پرسوں پیر ہے۔

39- منگل کو عید ہے۔

40- منگل کی چھٹی ہے۔

41- بدھ کو بھی چھٹی ہے۔



یادداشت

## 3.4 اس سبق میں استعمال ہونے والے درج ذیل لفظوں کو توجہ سے پڑھیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسجد | قرآن | مداد | محمود |
| حامد | سیب | انگور | مرد |
| زن | حسن | گل | خار |
| کتاب | قاسم | کتابخانه | خر |

### اسم کی تعریف

آپ نے دیکھا کہ یہ تمام کلمے کسی نہ کسی شخص، جگہ یا چیز کے لیے استعمال ہوئے ہیں۔ ایسے تمام کلمات جن سے آپ کو کسی شخص، جگہ یا چیز کا علم ہوتا ہے، «اسم» کہلاتے ہیں۔

اسم کی دو قسمیں ہوتی ہیں: (1) اسم خاص۔ (2) اسم عام۔

### اسم خاص:

اگر کوئی لفظ کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کے لیے استعمال ہو تو اس کو «اسم خاص» کہتے ہیں۔ مثلاً طاهر، قاسم، دهلی، ممبئی، تاج محل، لال قلعه وغیرہ اسم خاص ہیں۔

### اسم عام:

اگر اسم ایک ہی طرح کے افراد اور چیزوں کے لیے استعمال ہوتا ہے تو اسے «اسم عام» کہتے ہیں۔ مثلاً مسجد، کتاب، مرد، زن، شهر وغیرہ۔

## 3.5 متن پر مبنی سوالات

### الف: درج ذیل لفظوں کی فارسی لکھیے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پانی | آگ | ٹھنڈا | بڑا | چھوٹا |
| پینسل | لائبریری | کمرہ | کہاں | یہاں |
| وہاں | بوڑھا | عورت | کتا | گدھا |



یادداشت

ب: درج ذیل جملوں کا فارسی میں ترجمہ کیجیے:

| | |
|---|---|
| پانی گرم ہے۔ | مسجد دور ہے۔ |
| لائبریری دور نہیں ہے۔ | قاسم کمرے میں ہے۔ |
| یہ کتا ہے۔ | وہ کانٹا ہے۔ |
| پھول کہاں ہے؟ | سیب میٹھا نہیں ہے۔ |
| انگور میٹھا ہے۔ | انگور کھٹا نہیں ہے۔ |
| یہ عورت ہے۔ | وہ مرد ہے۔ |
| مرد بوڑھا ہے۔ | عورت بھی بوڑھی ہے۔ |
| یہ کیا ہے؟ | یہ قرآن ہے۔ |
| وہ کیا ہے؟ | وہ مسجد ہے۔ |
| محمود کہاں ہے؟ | محمود مسجد میں ہے۔ |
| مسجد چھوٹی ہے۔ | کتا چھوٹا ہے۔ |
| گدھا بڑا ہے۔ | آج اتوار ہے۔ |
| کل پیر ہے۔ | پرسوں منگل ہے۔ |
| بدھ کی عید ہے۔ | جمعرات کی بھی چھٹی ہے۔ |
| دہلی دور ہے۔ | |

ج: سبق میں سے پانچ اسم خاص چھانٹ کر لکھیے۔

د: درج ذیل جملوں میں سے اسم عام اور اسم خاص الگ الگ لکھیے:

| | |
|---|---|
| مسجد بزرگ است. | جاوید در اتاق است. |
| این سگ است | مداد کوچک است. |



یادداشت

| | |
|---|---|
| شعیب کجا است؟ | این ابراهیم نیست. |
| این مرد جوان است. | آن زن پیر است. |
| خر بزرگ است. | این گل سفید است. |
| کتاب کجا است؟ | |

ہ: درج ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو بریکٹ میں دیے گئے الفاظ میں سے صحیح الفاظ سے پُر کیجیے:

1- حامد .......... مسجد است. (در، کوچک)

2- .......... کوچک است. (بزرگ، مداد)

3- خالد .......... نیست. (اینجا، سگ)

4- این مرد جوان است، .......... نیست. (مداد، پیر)

5- .......... شیرین است. (جمعه، سیب)

6- .......... سرد است. (خر، آب)


7- آتش .......... است. (گرم، بزرگ)

8- .......... دور نیست. (بزرگ، مسجد)

9- محمود در.......... است. (کجا، اتاق)

10- مسعود .......... کتابخانه نیست. (در، دور)

و: ہفتے سے جمعہ تک فارسی دنوں کے نام لکھیے۔



## 3.6 اس سبق سے آپ نے سیکھا

- فارسی میں جملے کیسے بنائے جاتے ہیں۔



یادداشت

- فارسی میں چھوٹے چھوٹے اور سادہ جملے کیسے بنتے ہیں۔
- اردو سے فارسی میں جملوں کا ترجمہ کس طرح کیا جاتا ہے۔
- اسم خاص اور اسم عام سے آپ کو واقفیت ہوئی۔
- دونوں کی تعریف آپ کو معلوم ہوئی۔

## 3.7 متن پر مبنی سوالات کے جوابات

اردو الفاظ کی فارسی:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| آب | آتش | سرد | بزرگ | کوچک |
| مداد | کتابخانه | اتاق | کجا | اینجا |
| آنجا | پیر | زن | سگ | خر |

ب: فارسی میں ترجمہ:

| | |
|---|---|
| آب گرم است. | مسجد دور است. |
| کتابخانه دور نیست. | قاسم در اتاق است. |
| این سگ است. | آن خار است. |
| گل کجا است؟ | سیب شیرین نیست. |
| انگور شیرین است. | انگور ترش نیست. |
| این زن است. | آن مرد است. |
| مرد پیر است. | زن هم پیر است. |
| این چیست؟ | این قرآن است. |
| آن چیست؟ | آن مسجد است. |
| محمود کجا است. | محمود در مسجد است. |



یادداشت

| | |
|---|---|
| مسجد کوچک است. | سگ کوچک است. |
| خر بزرگ است. | امروز یکشنبه است |
| فردا دوشنبه است. | پس فردا سه شنبه است. |
| چهارشنبه تعطیل است. | پنجشنبه هم تعطیل است. |
| دهلی دور است. | |

ج: سبق میں چار اسم خاص:

حامد محمود قاسم حسن رحیم

د: اسم خاص و اسم عام الگ الگ:

اسم خاص: جاوید، شعیب، ابراهیم.

اسم عام: مسجد، اتاق، سگ، مداد، مرد، زن، خر، گل، کتاب.

ہ: خالی جگہوں کے صحیح الفاظ:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- در | 2- مداد | 3- اینجا | 4- پیر |
| 5- سیب | 6- آب | 7- گرم | 8- مسجد |
| 9- اتاق | 10- در | | |

و: ہفتے سے جمعہ تک دنوں کے نام:

| | | | |
|---|---|---|---|
| شنبه | یکشنبه | دوشنبه | سه شنبه |
| چهارشنبه | پنجشنبه | جمعه | |